New York State Board of Regents
MaryEllen Elia
Commissioner of Education
The State Education Department
The University of the State of New York / Albany, NY12234
Office of Communications

خبر
فوری نشر و اشاعت کے لیے 7 مارچ 2017

مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں:
جوناتھن برمن (Jonathan Burman) یا جین بیٹی (Jeanne Beattie)
(518) 474-1201
www.nysed.gov

تارک وطن طلبہ کے حقوق اور سبھی طلبہ کے لیے وقار سے متعلق ایکٹ کی بابت رہنمائی اب 20 زبانوں میں دستیاب ہے

ریاستی کمشنر برائے تعلیم (State Education Commissioner) میری ایلین ایلیا (MaryEllen Elia) نے آج اعلان کیا کہ سبھی طلبہ کے لیے وقار سے متعلق ایکٹ [DIGNITY FOR ALL STUDENTS ACT (DASA)] اور تارک وطن طلبہ کے حقوق سے متعلق حال ہی میں جاری شدہ رہنمائی اب نیو یارک ریاست میں بولی جانے والے سر فہرست 20 زبانوں میں دستیاب ہے۔ پورے ملک میں دھونس، امتیازی سلوک اور ہراسانی کے معاملوں میں رپورٹوں کی بڑھتی تعداد اور حالیہ وفاقی کارروائیوں کے نتیجے میں پیدا شدہ خوف اور تردد کے ردعمل میں ریاستی محکمۂ تعلیم نے اٹارنی جنرل کے دفتر کے اشتراک سے ان اہم موضوعات پر اسکولی اضلاع کو رہنمائی فراہم کی ہے۔ اب والدین، سرپرستوں اور دیگر خواہشمند افراد کو اس اہم رہنمائی تک وسیع رسائی حاصل ہے۔

چانسلر بیٹی اے روزا (Betty A. Rosa) نے کہا، "ہم ایک ساتھ کھڑے ہو کر، یہ یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے طلبہ کو اپنے اسکولی ماحول میں محفوظ اور تعاون یافتہ ہونے کا احساس ہو۔ ہمیں ایسی تعلیمی آماجگاہیں فراہم کرنے کی اپنی عہد بستگی کی دوبارہ توثیق کرنا ضروری ہے جہاں طلبہ اپنی نسل، نسلیت، گھر پر بولی جانے والی زبان، ترک وطن کی حیثیت، جنسی رجحان یا کسی دیگر تعصب سے قطع نظر حصول تعلیم کے لیے آزاد ہوں۔ ہمیں سارے بچوں کو اپنے بچوں کی طرح، گرمجوشی اور دردمندی کے ساتھ گلے لگانا ضروری ہے۔"

کمشنر ایلیا نے مزید کہا، "نیو یارک کا ریاستی محکمۂ تعلیم (New York State Education Department) ہمارے طلبہ روزمرہ طور پر جس اسکولی ماحول میں تعلیم حاصل کرنے آتے ہیں اس ماحول کو نقصان پہنچانے والی کسی بھی کارروائی کو کافی سنجیدگی سے لیتا ہے۔ ہمارے سبھی طلبہ کو مفت تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے اور کسی بھی طالب علم کو اسکول جانے میں خوف نہیں ہونا چاہیے۔ ہمیں محفوظ اور معاون آموزشی ماحول تخلیق کرنے، بشمول سبھی والدین اور سرپرستوں کو اپنے حقوق اور اپنے بچوں کے حقوق سے باخبر رہنے کے لیے انہیں درکار سبھی وسائل فراہم کرنے کے لیے اپنے اختیار میں موجود ہر کام کرنا ضروری ہے۔"

محکمہ نے اب والدین، سرپرستوں اور دیگر خواہشمند افراد کے لیے پوری نیو یارک اسٹیٹ میں بولی جانے والی دس سر فہرست زبان میں ترجمہ شدہ وسائل دستیاب کرائے ہیں۔ یہ زبانیں ہیں: ہسپانوی، چینی، عربی، بنگالی، روسی، اردو، ہیشین کریول، فرانسیسی، کیرین اور نیپالی۔ اس سے نیو یارک اسٹیٹ کے دفتر اٹارنی جنرل [Office of the Attorney General ("OAG")] کے ساتھ مل کر کیے جا رہے کاموں کی توسیع اور تعمیر ہوتی ہے تاکہ قانون کے تحت مکمل ترین ممکنہ حد تک طلبہ کے حقوق کو تحفظ یافتہ ہونے کو یقینی بنایا جائے۔

ترجمہ شدہ مواد میں حالیہ دنوں میں اٹارنی جنرل ایرک ٹی شنائیڈرمین (Eric T. Schneiderman) اور ایلیا کی جانب سے جاری شدہ مواد شامل ہیں، جس میں اسکولی اضلاع کو انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر نیو یارک کے سرکاری اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے کے تارک وطن بچوں کے حقوق کو یقینی بنانے والے موجودہ ریاستی اور وفاقی قوانین کی تعمیل کرنے کے ان کے فریضے کی یاد دہانی کرائی گئی ہے۔ یہ رہنمائی اضلاع کو ان کے طلبہ اور طلبہ کے ریکارڈوں کی رازداری کے سلسلے میں قانون کے تحت ان کے فرائض پر مشتمل متعلقہ معلومات فراہم کرتی ہے۔

اس کے علاوہ، ہراسانی، دھونس اور امتیازی سلوک کے واقعات کی اطلاع دینے اور ان کا ازالہ کرنے کے لیے، نیز DASA کے بموجب مثبت اسکولی ماحول تیار کرنے اور اسے برقرار رکھنے کی کوششیں بڑھانے کے لیے بھی اسکولی عملہ، طلبہ اور والدین کے لیے رہنمائی اور وسائل دستیاب ہیں۔

یہ مواد، 20 زبانوں میں یہاں مل سکتا ہے۔

ترک وطن سے متعلق کارروائیوں کی بابت معلومات یہاں مل سکتی ہیں، جبکہ DASA کے تحت رہنمائی اور وسائل کی بابت معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔